**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## پاکستان تحریک انصاف کی کور کمیٹی کے اجلاس کا اعلامیہ

بانی چیئرمین عمران خان کی ہدایات کی روشنی میں عام انتخابات کیلئے ٹکٹوں کی تقسیم کے حوالے سے معاملات پر تفصیلی غور
قومی وصوبائی اسمبلی کے حتمی ٹکٹ ہولڈرز کی فہرستوں سمیت 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات کے انعقاد کے حوالے سے تمام تر تیاریاں مکمل ہو چکی ہیں،

کور کمیٹی تحریک انصاف بدترین ریاستی جارحیت اور انتخابی عمل میں بدترین مداخلت کے باوجود امیدواروں کی جانب سے بڑے پیمانے پر کاغذات نامزدگی جمع کروانے اور ان کی منظوری کیلئے کوششیں قابلِ تحسین ہیں،

کور کمیٹی تحریک انصاف سینیٹ آف پاکستان سے انتخابات کے التوا کی غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری قرارداد کی منظوری کی شدید مذمت پاکستان تحریک انصاف کور کمیٹی نے ایوانِ بالا سے انتخابات کے التوا کی غیر آئینی،
غیر قانونی اور غیر جمہوری قرارداد کی منظوری کو مسترد کر دیا چیف جسٹس قاضی فائز عیسٰی کی سربراہی میں عدالت عظمیٰ اپنے 3 نومبر 2023 کے فیصلے میں 8 فروری 2024 کو عام انتخابات کے شفاف اور منصفانہ انعقاد کا واضح حکم دے چکی ہے،

کور کمیٹی تحریک انصاف ملک اس وقت انتخابات کے التوا جیسی غیر آئینی کوششوں کے نتیجے میں پیدا ہونے والے عدم استحکام کا کسی صورت متحمل نہیں ہو سکتا،

کور کمیٹی تحریک انصاف عام انتخابات کو 8 فروری کی مقررہ تاریخ سے آگے لے کر جانے کا ماورائے دستور قدم ملک کو سماجی و معاشی بحران کی دلدل میں دھکیل دے گا،

کور کمیٹی تحریک انصاف انتخابات کے بروقت انعقاد یا ان کی شفافیت پر اثرانداز ہونے کی مذموم کوششیں ملک کو انتشار اور عدم استحکام سے دوچار کرنے کا باعث بنیں گی جس سے نکلنا آئندہ حکومت کیلئے مشکل ہو گا،

کور کمیٹی تحریک انصاف تمام تر ریاستی ادارے اپنی آئینی ذمہ داریاں ادا کرتے ہوئے 8 فروری کو عام انتخابات کے بروقت، شفاف اور منصفانہ انعقاد کو یقینی بنانے کیلئے موثر اقدامات کریں،

کور کمیٹی تحریک انصاف